7 دسمبر 2016ء

اسٹیٹ بینک 'بلند معاشی نمو کی فراہمی میں ریاستی صلاحیتیں' پر لیکچر کا اہتمام کرے گا

بینک دولت پاکستان نے پیر 12 دسمبر 2016ء کو کراچی کے ایک مقامی ہوٹل میں 'بلند معاشی نمو کی فراہمی میں ریاستی صلاحیتیں' کے عنوان پر زاہد حسین میموریل لیکچر (سیریز کا اکیسواں) کا اہتمام کیا ہے۔

کلیدی مقرر جناب ٹموتھی جان بیسلی ہوں گے۔ جناب بیسلی بینک آف انگلینڈ کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کے رکن، معاشیات اور سیاسیات کے پروفیسر اور لندن اسکول آف اکنامکس برطانیہ میں ڈبلیو آرتھر لوئیس پروفیسر آف ڈویلپمنٹ اکنامکس ہیں۔

یاد رہے کہ 1973ء میں اسٹیٹ بینک کی سلور جوبلی کے موقع پر سینٹرل بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ممتاز معاشی و مالی ماہرین کے لیکچرز کی سالانہ سیریز شروع کرنے کا فیصلہ کیا تھا اور اس سیریز کو بینک کے پہلے گورنر زاہد حسین سے موسوم کیا تھا۔

***